# مولانا شيخ محمد عادل رباني

## وَقْت کی قِیمَت کی قَدْر کریں

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته. أعوذ بالله من الشيطان الرجيم. بسم الله الرحمن الرحيم. الصلاة والسلام على رسولنا محمد سيد الأولين والآخرين. مدد يا رسول الله، مدد يا ساداتي أصحاب رسول الله، مدد يا مشايخنا، دستور مولانا الشيخ عبد الله الفائز الداغستاني، شيخ محمد ناظم الحقاني، مدد. طريقتنا الصحبة والخير في الجمعية.

بسم الله الرحمن الرحيم

اللہ عزوجل فرماتا ہے: **'أَيَّامٍ مَّعْدُودَاتٍ'**، "دن (مخصوص) گنتی کے ہے"(قرآن ۲:۲۰۳)۔ صدق اللہ العظیم۔ یہ گنتی کے دن ہیں۔ ہر چیز گنی ہوئی ہے۔ اچھے میں بھی یہ گنتی ہے، اور برائی میں بھی گنتی ہے۔ اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ روزوں میں بھی گنتی ہے۔

حج کی عبادت کا یہ آخری مہینہ بھی گنتی کے دنوں میں شمار ہے۔ حج سے ایک مہینہ پہلے سب بے چین تھے:"کیسے ہوگا؟ کیا کریں گے؟" وغیرہ۔ یہ برکت والے دن بھی گزر گئے۔ یہ گنتی کے دن حاصل ہوئے۔ یہ اِتْنے زیاد دن نہیں تھے کہ ضائع کردیے جائیں۔ "چلو وقت گزار لیتے ہیں"۔ جو لوگ وقت کی قدر کیے بغیر وقت گزارتے ہیں وہ خسارے میں ہیں۔ انسان کی سب سے قیمتی چیز اس کی زندگی ہے۔ انسان کی زندگی میں سب سے قیمتی چیز وقت ہے۔ کیونکہ کسی کا وقت کتنا ہے؟ یہ کب ختم ہو جائے؟ اللہ عزوجل فرماتا ہے، یہ گنتی کے دن ہیں۔

لہٰذا، انسان کو اِس کی ضرور قدر پہچاننی چاہیے۔ جو چیز دی گئی ہے اُس کی قدر جاننے والا کامیاب ہوتا ہے۔ جو اُس کی قدر نہیں جانتا، وہ کچھ حاصل نہیں کرتا۔ پھر وہ افسوس کرتا ہے، "میں نے کتنی قیمتی چیزیں ضائع کردیں۔ میں نے اُن کی قدر نہیں کی، اُن کا احترام نہیں کیا، بے قدری کرتے ہوئے گزار دیا۔" کبھی تو یہاں تک کہتے ہیں: "ہم نے وقت کو قتل (ضائع) کیا۔" آج کل اکثر لوگوں کا یہی قول ہے: "وقت ضائع کیا۔" اگر تم وقت کو ضائع کرو گے، تو اپنے آپ کو برباد کر لو گے۔ تم نے گویا قیمتی جواہرات کو کوڑے میں پھینک دیا۔

لہٰذا، یہ برکت والے دن آئے اور گزر گئے۔ لوگوں کو آنے والے دنوں کے بارے میں محتاط رہنا چاہیے۔ اُنہیں وقت کی قدر کرنی چاہیے۔ اللہ عزوجل نے ہر شخص کے لیے ایک وقت، ایک گھڑی مقرر کردی ہے۔ ہر کسی کا ایک وقت ہے۔ ہم اُس وقت آنے سے پہلے وقت کی قدر کر سکیں اِن شاء اللہ۔ اللہ ﷻ ہم سب کو وقت کی قدر کرنے والوں میں بنائے، اور بے کار میں وقت گزارنے والوں میں سے نہیں، اِن شاء اللہ۔

ومن الله التوفيق. الفاتحة.

# مولانا شيخ محمد عادل رباني

مولانا شيخ محمد عادل ربانى
18 جون 2025/ 22 ذى الحجة 1446
نماز فجر – زاوية أكبابا، اسطنبول